Roll No.....

BAUL-201

Urdu Nsar

(اردو نثر)

Bachelor of Arts (BA-12/16/17)

Second Year, Examination, 2018

Time : 3 Hours **Max. Marks : 80**

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصّوں 'الف'، 'ب' اور 'ج' پر مشتمل ہے۔ تمام حصّوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق تحریر کیجئے۔

(حصّہ الف)

ہدایت:۔ مندرجۂ ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے مفصل جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے لئے انیس (۱۹) نمبر مختص ہیں۔ ۳۸=۱۹×۲

۱۔ افسانہ کے فن پر بحث کرتے ہوئے اردو افسانے کے ارتقاء کا مبسوط جائزہ لیجئے۔

۲۔ اردو میں مکتوب نگاری کی روایت پر تفصیل سے روشنی ڈالئے۔

۳۔ اردو میں ڈرامہ نگاری کی روایت سے بحث کیجئے۔

۴۔ افسانہ ''لاجونتی'' کا تنقیدی جائزہ ہ پیش کیجئے۔

(حصّہ ب)

ہدایت:۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی چار سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے آٹھ (۸) نمبر مختص ہیں۔ ۳۲=۸×۴

۱۔ ''غبار خاطر'' کی ادبی اہمیت واضح کیجئے۔

۲۔ امتیاز علی تاج کی ڈرامہ نگاری پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔

۳۔ افسانہ ''میلہ گھومنی'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

۴۔ حبیب تنویر کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔

۵۔ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کے کردار کا جائزہ لیجئے۔

۶۔ رشید احمد صدیقی کی طرز نگارش پر اظہار خیال کیجئے۔

۷۔ جدید اردو نثر کے ارتقاء میں خطوط غالب کی اہمیت سے بحث کیجئے۔

۸۔ ابوالکلام آزاد کے حالات زندگی سے بحث کیجئے۔

(حصّہ ج)

ہدایت:۔مندرجہ ذیل سبھی دس(۱۰) سوالات کے جوابات لکھئے۔ہرسوال انمبر کا ہے۔ ۱۰=۱۰×۱

مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے صحیح جوابات تحریر کیجئے۔

۱۔ آگرہ بازار کے مصنف ہیں؟

(الف) محمد حسن

(ب) پروفیسر مجیب

(ج) امتیاز علی تاج

(د) حبیب تنویر

۲۔ ابوالکلام آزاد کہاں دفن ہیں؟

(الف) لاہور

(ب) دہلی

(ج) آگرہ

(د) کلکتہ

۳۔ مندرجہ ذیل افسانوں میں سے کس کا تعلق ملک کی تحریک آزادی سے ہے؟

(الف) ٹوبہ ٹیک سنگھ

(ب) نجات

(ج) کالو بھنگی

(د) کفن

۴۔ غبار خاطر کیا ہے؟

(الف) ناول

(ب) خطوط کا مجموعہ

(ج) افسانوں کا مجموعہ

(د) غزلوں کا گلدستہ

۵۔ غالب کی پیدائش کس شہر میں ہوئی؟

(الف) کراچی

(ب) لاہور

(ج) پانی پت

(د) آگرہ

ہدایت:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے متعلق 'صحیح' یا 'غلط' اپنی کاپی پر لکھئے۔

۶۔ غالب نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ کلکتہ میں گزارا۔

۷۔ رشید احمد صدیقی انگریزی کے استاد تھے۔

۸۔ افسانہ ''لاجونتی'' ملک کی تقسیم کے موضوع پر ہے۔

۹۔ ''انارکلی'' کا وطن دہلی تھا۔

۱۰۔ یادش بخیریہ کے مصنف مشتاق احمد یوسفی ہیں۔